سوال

خطبہ جمعہ کے لیے آنے والا دو رکعتیں پڑھے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اصحاب رسول ﷺ جب بھی خطبہ جمعہ کے وقت مسجد میں آتے تھے تو اصحاب رسول دو رکعت پڑھ کر بیٹھتے تھے حدیث سے ثابت کریں!

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

سیدنا جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جمعہ کے دن نبی ﷺ خطبہ دے رہے تھے کہ ایک آدمی مسجد میں داخل ہوا۔ آپ نے فرمایا: کیا تو نے نماز پڑھی؟ اس نے کہا: نہیں، آپ ﷺ نے فرمایا اگر تم میں سے کوئی شخص جمعہ کے دن (جمعہ پڑھنے کے لیے) آئے اور امام (خطبے کے لیے) نکل چکا ہو تو وہ شخص دو رکعتیں پڑھے۔ (صحیح مسلم: 57/875 واللفظ لہ وصحیح بخاری: 1166)

سیدنا ابو سعید الخدری رضی اللہ عنہ جمعہ کے دن آئے، مروان (بن الحکم) خطبہ دے رہے تھا۔ آپ نے چوکیداروں کی مخالفت کے باوجود نماز پڑھی، (سنن الترمذی: 511 وقال: "حدیث حسن صحیح" ومسند الحمیدی: 741)

معلوم ہوا کہ صحابہ کرام خطبہ جمعہ کے وقت دو رکعتیں پڑھ کر بیٹھتے تھے۔ کسی ایک صحیح روایت سے بھی ثابت نہیں کہ خطبہ جمعہ کے وقت کوئی صحابی مسجد میں آیا ہو اور دو رکعتیں پڑھے بغیر بیٹھ گیا ہو۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج1ص447